## محترمہ عاصمہ جہانگیر کو سپریم کورٹ بار کا صدر منتخب ہونے پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔27 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز وکیل محترمہ عاصمہ جہانگیر کو سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے امید ظاہر کی کہ محترمہ عاصمہ جہانگیر اوران کے رفقاء عدلیہ کی آزادی ،اس کی عزت ووقار اور تقدس کے تحفظ کیلئے کام کریں گے اور ایسا ماحول قائم کریں گے کہ عام آدمی بھی انصاف کے حصول کیلئے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹا سکے اور ہر شہری کو سستا اور فوری انصاف میسر آسکے۔

## ایم کیوایم ملک سے موروثی طرزِ سیاست ختم کرکے عوام کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے نجات دلائے، مصطفیٰ کمال

## ایم کیوایم بند کمروں کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی ہے اوراس لئے وہ ہمیشہ عوام کے درمیان رہ کر وہ عوام کی تائید حاصل کرتی ہے

## گلشن اقبال ریزیڈنٹ کمیٹی کے ارکان وعوام سے خطاب

کراچی۔۔۔27،اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک سے موروثی طرزِ سیاست ختم کرکے عوام کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے نجات دلائے گی اور پرامن انقلاب تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز گلشن اقبال ریزیڈنٹ کمیٹی کے زیراہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیرامورِ نوجوان سیّد فیصل علی سبزواری اور رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی نے بھی اظہار خیال کیا۔تقریب میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی مزمل قریشی، ڈاکٹر ندیم مقبول،گلشن اقبال ریزیڈنٹ کمیٹی کے ارکان، گلشن اقبال سے تعلق رکھنے والے بزرگ،خواتین،نوجوان سمیت مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ایم کیوایم بند کمروں کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی ہے اوراس لئے ہمیشہ عوام کے درمیان رہ کر وہ عوام کی تائید حاصل کرتی ہوئی آئی ہے اور آئندہ بھی حاصل کرتی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے قیام سے لیکر آج تک ہماری تحریک کی جدوجہد کو پوری دنیا میں مانا جاتا ہے جو کہ صرف اورصرف قائدتحریک جناب الطاف حسین کی مدبرانہ قیادت کے طفیل ہے،ایم کیوایم کیخلاف ماضی میں بھی فوجی آپریشن کیا گیا جسمیں ایم کیوایم کے پندرہ ہزار سے زائد کارکنان کو شہید کردیا گیا اور شہر بھر میں ہمارے کارکنان کے سروں کی قیمتیں لگائی گئی یوں طرح طرح کے منفی پروپیگنڈے کرکے عوام کو ایم کیوایم سے دور کرنے کیلئے مختلف سازشی ہتھکنڈے استعمال کئے گئے اگر شہر میں کہیں دہشت گردی کا واقعہ ہوجائے تو اس کا الزام براہ راست ایم کیوایم پر لگایا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم بانیانِ پاکستان کی اُولاد ہیں جن کے آباؤاجداد نے پاکستان کو بنانے کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ دیا پھر کہیں جاکر یہ ملک بنایا لیکن افسوس کہ ہمیں کبھی پاکستانی تسلیم نہیں کیا گیا اور ایم کیوایم اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کو ہمیشہ محبّ وطن کے بجائے غدار قرار دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ اگر عوام کراچی کے موجودہ حالات پر نظر ڈالیں تو اندازہ ہوجائے گا کہ کونسے سازشی عناصر ہیں جو وزیرستان،سوات اور خیبر پختون خواہ میں اولیائے کرامکے مزارات،مساجد،اور امام بارگاہوں میں خودکش حملے کرنے والے طالبان دہشت گردوں کی پشت پناہی کرتے ہیں اور اپنے مذموم مقاصد حاصل کرنے کیلئے بے گناہوں کا خون بہارہے ہیں،وہی دہشت گرد عناصر شہر کراچی کا امن تباہ کرکے معصوم وبے گناہ شہریوں کا قتل عام کررہے ہیں اس کے باوجود جب ایم کیوایم اس کے خلاف احتجاج کرتی ہے تو اس پر ان واقعات کا سارا الزام تھوپ دیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے ساتھ باہمی اتحادو مفاہمت کو فروغ دینا چاہتی ہے تاکہ شہر میں امن برقرار رہے عوام سکھ چین کی زندگی گزار سکیں۔انہوں نے کہا کہ روزِ اول ہی سے ایم کیوایم عوامی اعتماد کے ذریعے بلاتفریق عوام کی عملی خدمت کررہی ہے جسکی مثال ہر انتخابات میں ایم کیوایم کی نمایاں کامیابیاں ہیں،اس وقت عوام تعلیم،صحت،جیسی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک بھر میں غریب عوام اور انکی آنیوالی نسلیں بہتر تعلیم،صحت،روزگار حاصل کرسکیں اگر کراچی ترقی کرے گا تو پاکستان ترقی کرے گا اور ترقی کا یہ سفر اس وقت تک برقرار رہے گا جب ہمارے درمیان آپس میں باہمی اتحاد قائم رہے گا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فیصل سبزواری اور رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی نے کہا کہ یم کیوایم تمام سازشوں اور ریاستی مظالم کے باوجود معاشرے کے ارتقاء میں عوام کی ترقی کی ترویج کیلئے اپنی خدمات پیش کرتی رہے گی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی ۔۔۔27، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن بابر جاوید بیگ کی ہمشیرہ عذرا اختر زوجہ شاہ رخ خان، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کمیٹی ممبر آصف بشیر کے بڑے بھائی محمد جمیل اور کورنگی سیکٹر یونٹ 78 کے کارکن خالد شفیع کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## سمن سرکار کے میلے کے موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بدین میں 3 روزہ مفت طبی کیمپ لگایا گیا
## تینوں دن زائرین کا زبردست ہجوم دکھائی دیا، سینکڑوں مریضوں کو علاج و معالجہ کی سہولیات مفت فراہم کی گئیں

بدین ۔۔۔27، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام بدین میں ہر سال ہونے والے سمن سرکار کے میلے کے موقع پر تین روزہ مفت طبی کیمپ لگایا گیا جس سے سینکڑوں زائرین مستفید ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق سمن سرکار کے میلے کے پہلے روز سینکڑوں زائرین کا ڈاکٹروں اور میڈیکل اسٹاف کے عملے نے تفصیلی چیک اپ کیا اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات مفت فراہم کیں اسی طرح سمن سرکار کے میلے کے دوسرے اور تیسرے روز بھی طبی کیمپ پر زائرین کا زبردست ہجوم دکھایا گیا جن میں بزرگ، خواتین، نوجوان اور بچے بھی شامل تھے۔ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے طبی کیمپ کا دورہ کیا اور طبی کیمپ پر زائرین کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے طبی کیمپ پر خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے عملے کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔ طبی کیمپ سے مستفید ہونے والے زائرین نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سمن سرکار کے میلے کے موقع پر مفت طبی کیمپ کا انعقاد خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے جاری بلاتفریق انسانیت کی خدمت کا منہ بولتا ثبوت ہے اس موقع پر زائرین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## رافا مشن انٹرنیشنل منسٹری کے وفد کی ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر رابطہ کمیٹی سے تعزیت

کراچی ۔۔۔27، اکتوبر 2010ء

رافا مشن انٹرنیشنل منسٹری کے چیئرمین پاسٹر سلیمان منظور کی سربراہی میں وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، کنور خالد یونس اور سیف یار خان سے ملاقات کی اور ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت اور رنج و غم کا اظہار کیا۔ وفد کے ارکان میں پاسٹر منتظر گل، پاسٹر سیمسن، پاسٹر گریفن، مبشر تلقین اسلم بھنڈر، حکیم بنیامین گل، آصف، نورس، ڈاکٹر سرفراز سلیم اور سلیم سہوترا کے علاوہ دیگر شامل تھے۔ وفد کے ارکان نے رابطہ کمیٹی سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کو بڑا سانحہ قرار دیا اور شہید کے سوگواران سے مکمل ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کے ارکان کی تعزیت کیلئے آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن کے بھتیجے بلال غفار شہید کی فاتحہ سوئم

کراچی ۔۔۔27/ اکتوبر 2010ء

گزشتہ روز جرائم پیشہ لینڈ وڈرگ مافیا کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 89 کے کارکن شفیق ساگری کے بھتیجے بلال غفار شہید کا سوئم بدھ کے روز لانڈھی میں واقع ان کی رہائشگاہ پر منعقد ہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ قرآن و فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ، حق پرست منتخب عوامی نمائندوں، کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، ذیلی یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور بلال غفار شہید کی مغفرت، ان کے بلند درجات اور سوگواران کو صبر جمیل کیلئے خصوصی دعا بھی کیں۔

☆☆☆☆☆